امدادی رضاکاروں کے لئے رجوع کے شرائط

جائزہ

ہر امدادی رضاکار ایک برادری یا محلے میں افراد اور خاندانوں کے ایک مخصوص تعداد کا ذمہ دار ہوگا۔ صوبائی دفتروں میں کمیونٹی یعنی برادری کی سطح پر یو این ایچ سی آر کی حفاظتی ٹیمیں (سی بی پی)، سی بی پی پروگرام میں شریک تنظیموں کے ساتھ مل کر، فیصلہ کریں گے کہ ہر ایک رضاکار کتنے علاقے کے لئے ذمہ داری اٹھائے گا۔

کردار یں

- گھریلو/ کمیونٹی گروہوں میں ملاقاتوں کا انعقاد
- معلوماتی دستاویز، جن میں متعلقہ فون نمبر شامل ہوں گے، کے بارے میں آگہی بڑھانے کی خاطر اجلاس منعقد کرنا تاکہ لوگوں تک معلومات بہم پہنچائے جائیں۔
- گھروں کے دورے کرنا
- کسی بھی خطرے یا انتہائی نازک صورت حال سے دوچار افراد کی نشاندہی کے لئے افراد یا خاندانوں سے رابطہ رکھنا۔
- ضرورتمند افراد کو نفسیاتی و معاشرتی ابتدائی امداد (بنیادی مشورے) فراہم کرنا۔
- ایک نگران یعنی سوپروائزر کی مدد سے تحفظ عامہ سے متعلقہ سرگرمیوں کی نگرانی کرنا
- برادری کے ارکان کو ان کے علاقے میں دستیاب خدمات کے بارے میں معلومات دینے کے لئے سروس ڈائریکٹری کا استعمال کرنا؛ امدادی رضاکار علاقے میں دستیاب ایسی سہولتوں کے بارے میں بھی یو این ایچ سی آر/ شریک تنظیموں کو مطلع کر سکتے جو سروس ڈائریکٹری میں موجود نہ ہوں تاکہ انہیں ڈائریکٹری میں شامل کیا جاسکے۔
- متعلقہ نگرانوں کے ساتھ کمیونٹی اجلاسوں، گھروں کے دوروں اور دیگر ملاقاتوں کے نتائج سے آگاہی دینا۔
- برادری یا گروہ کے ساتھ پلاننگ اور امدادی مداخلت کے حوالے سے اپنا نقطہ نظر شریک کرنا
- اپنی کمیونٹی میں افغان پناہ گزین کے گھرانوں پر توجہ مرکوز کرنا
- برادری کے ارکان ساتھ موجودہ تعلقات کو ان کے فائدے کے لئے استعمال کرنا، انہیں مستحکم کرنا اور فروغ دینا

ذمہ داریاں

- ضابطہ اخلاق پر عمل کرنا
- رضاکاروں کے امدادی سرگرمیوں میں برادری کے تمام ارکان کی شمولیت اور شرکت کو یقینی بنانا
- کوئی نقصان نہ پہنچانا
- برادری کے افراد کے ساتھ بلا تفریق رویہ اپنانا
- امدادی رضاکار کے کام کے حدود کے حوالے سے واضح سمجھ بوجھ رکھنا
- ہفتہ وار سرگرمیوں کے منصوبوں کے حوالے سے سپروائزروں کو باقاعدگی سے رپورٹ دینا
- سرگرمیوں کے پہلے سے طے شدہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے بارے میں آگاہی وصول کرتے رہنا
- متعلقہ علم سے لیس ہونا
- خود آگاہی کا حامل ہونا
- امدادی رضاکار کے طور پر کام کے ہر مرحلے میں رازداری برقرار رکھنا
- رضاکاروں کے امدادی سرگرمیوں میں برادری کے تمام ارکان کی شمولیت اور شرکت کو یقینی بنانا
- سپروائزروں کو ہفتہ وار بنیادوں پر رپورٹ ارسال کرتے رہنا

ضابطہ اخلاق

امدادی رضاکاروں کے لئے ضابطہ اخلاق کے دستاویز پر دستخط کرنالازمی ہوں گےاور وہ حلف اٹھائیں گے کہ وہ ضابطہ اخلاق پر لفظی ومعنوی لحاظ سے عمل کریں گے۔

کم از کم علم اور مہارتیں

- رضاکار پی او آر کارڈ کا حامل ہو یا یو این ایچ سی آر کا صادر کردہ پناہ گزین کارڈ یا پناہ کے متلاشی کا تصدیق نامہ رکھتا ہو۔
- برادری میں رضاکارانہ کام کا تجربہ رکھتا ہو
- روابط قائم کرنے کی اچھی صلاحیت اور منصفانہ رویہ رکھتا ہو۔
- کھلی ذہنیت رکھتا ہو جو ہر عمر، جنس، نسل، اجتماعی اور اقتصادی پس منظر، اور قابلیت کے لوگوں کے ساتھ احترام، وقار اور مساویانہ برتاؤ کرے۔
- تمام ذمہ داریوں کو ذاتی شوق، دلچسپی اور تندہی کی بنیاد پر سرانجام دینا چاہتا ہو
- اس کے پاس یہ ذمہ داری پورا کرنے کے لئے مناسب وقت دستیاب ہو
- برادری میں بولی جانے والی زبان (زبانیں) بول سکتا ہو

اضافی علم اور مہارتیں

- کم از کم چار جماعت یا زیادہ تعلیم حاصل کی ہو
- دری، پشتو، اور/یا اردو میں پڑھنا لکھنا جانتا ہو
- اردو بول سکتا ہو
- کمپیوٹر استعمال کرنے میں بنیادی مہارت رکھتا ہو